121

آیات نمبر 68 تا 73 میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو تلقین کہ اگر یہ کفار کسی محفل میں اللہ کی آیات کا مذاق اڑا رہے ہوں تو وہاں سے اٹھ جائیں ۔ جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل تماشہ بنا رکھا ہے ، انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں ، روز قیامت ان کے لئے سخت عذاب ہو گا اور عذاب سے بچنے کے لئے کوئی فدیہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ کفار کو یہ پیغام کہ مسلمان اللہ کے سوا کسی ایسی ہستی کو نہیں پکار سکتے جو نہ فائدہ پہنچا سکتی ہو نہ نقصان۔ ایسا کرنے والے اس شخص کی مانند ہیں جسے شیطان نے ورغلا دیا ہو۔ مسلمانوں کو تلقین کہ نماز قائم کریں اور اللہ ہی سے ڈرتے رہیں۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو کسی مقصد ہی کے تحت پیدا کیا ہے

وَ اِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى
يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ط اور جب تم دیکھو کہ لوگ ہماری آیات پر بے ہودہ
نکتہ چینی کر رہے ہیں تو ان کے پاس سے ہٹ جاؤ یہاں تک کہ وہ کسی دوسری بحث
میں لگ جائیں وَ اِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ اور اگر کبھی شیطان آپ کو یہ حکم بھلا دے تو یاد آنے کے
بعد پھر ایسے ظالم لوگوں کے ساتھ مت بیٹھیں وَ مَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ
حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ لٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾ جو لوگ پرہیز گار
ہیں ان پر ان نکتہ چینیوں کے حساب کی کوئی ذمہ داری نہیں لیکن ان پرہیز گاروں پر
ان کفار کو نصیحت کرنا فرض ہے تا کہ وہ بیہودہ گوئی سے باز رہیں وَ ذَرِ الَّذِيْنَ
اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ ذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ
تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّ لَا شَفِيْعٌ ج وَ

اِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ اور اِن لوگوں کو اُن کے حال پر چھوڑ دو
جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشہ بنا رکھا ہے اور جنہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں
مبتلا کر دیا ہے ہاں مگر یہ قرآن سنا کر نصیحت کرتے رہو کہ مبادا کوئی شخص اپنے اعمال
کی بنا پر عذاب میں مبتلا ہو جائے کہ اس وقت اللہ کے علاوہ کوئی سفارشی اور مدد کرنے
والا نہ ہو گا اور اگر وہ ہر ممکن چیز فدیہ میں دے کر چھوٹنا چاہے تو وہ بھی اس سے قبول
نہ کی جائے گی اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ
حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ؏ کیونکہ ایسے لوگ اپنے برے
اعمال کے نتیجہ میں پکڑے جائیں گے، ان کے پینے کے لئے کھولتا ہوا پانی ہو گا اور درد
ناک عذاب ہو گا اس کفر کے بدلے جو وہ دنیا میں کرتے رہے رکوع [۸] قُلْ اَنَدْعُوْا
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ
هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۪ لَهٗٓ
اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ فرما دیجئے کہ
کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر ان کی عبادت کریں جو نہ ہمیں نفع دے سکتے ہیں نہ نقصان اور کیا
اب ہم الٹے پاؤں پھر جائیں جبکہ اللہ ہمیں ہدایت دے چکا ہے اور اس شخص کی مانند
ہو جائیں جسے جنگل میں شیاطین جنات نے راستہ بُھلا دیا ہو اور وہ حیران و سرگرداں مارا
مارا پھرتا ہو، اس کے ساتھی اسے سیدھے راستے کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہماری
طرف آجا لیکن وہ کسی کی نصیحت قبول کرنے کو تیار نہ ہو قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ

الْهُدٰی ؕ وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۱﴾ آپ فرمادیجئے کہ بے شک اللہ
کا بتایا ہوا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے ہمیں تو یہی حکم ہوا ہے کہ ہم رب العالمین کے
فرمانبردار بن جائیں وَ اَنْ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اتَّقُوْهُ ؕ وَ هُوَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ
تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ اور یہ بھی کہ تم نماز قائم کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور وہی تو ہے
جس کے حضور تم سب جمع کئے جاؤ گے وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ
بِالْحَقِّ ؕ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو خاص مقصد کے لئے پیدا کیا وَ
یَوْمَ یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ ۬ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ جس دن وہ فرمائے گا کہ "ہو جا" تو وہ
ہو جائے گی، اس کا ہر فرمان برحق ہے وَ لَهُ الْمُلْكُ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ؕ اور
جس روز صور پھونکا جائے گا اس دن صرف اسی کی حکومت ہو گی عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ
الشَّهَادَةِ ؕ وَ هُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۷۳﴾ وہ پوشیدہ اور ظاہر سب چیزوں کا جاننے
والا ہے، وہی ہے بڑی حکمت والا، ہر چیز سے باخبر۔

[# 121]

In verses 68 to 73, instruction to the Prophet Muhammad [PBUH] to leave any gathering where disbelievers mock the signs of Allah. Those who turn their religion into mere amusement and play will face severe punishment on the Day of Judgment, and there will be no way for them to escape the punishment. The message for disbelievers is that Muslims cannot invoke any entity other than Allah, which can neither benefit nor harm them. Those who do so are like the one misled by Satan. Muslims are advised to establish regular prayers and maintain a sense of fear and reverence for Allah, acknowledging that Allah has created the heavens and the earth with a purpose.

وَ اِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ

And when you see people [in a gathering] mocking Our [revealed] verses, turn away from them until they take up some other discourse.

وَ اِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾

And if ever Satan should cause you to forget this command, then, after recollection, do not remain in the company of those wrongdoing people.

وَ مَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ لٰكِنْ
ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾

And those who fear Allah are not held accountable for the [wrong doings] of disbelievers, but [only for] a reminder to them - that perhaps they [too] will fear Allah.

وَ ذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ ذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا
كَسَبَتْ ﳓ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّ لَا شَفِيْعٌ ۚ وَ اِنْ
تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ

Leave those people alone who have made their religion a mockery and a play, and who are deluded by this worldly life. However, keep them advising [with this Quran] so that no one becomes afflicted with punishment due to his deeds. For, they will have no guardian apart from Allah, nor any intercessor [on the day of Judgment]. And if someone wishes to ransom himself with everything possible, it will not be accepted.

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ
حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ۝ رکوع[۸]

These are the ones who shall be wrecked by what they have earned. For them, there will be a drink of boiling water and a painful punishment because they have disbelieved.

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَ
نُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

[O Prophet]! Say to them, "Shall we invoke, instead of Allah, someone else, who cannot benefit or harm us, and should we turn back on our heels [from true faith] after Allah has guided us?

كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ
اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ

[We would then be] like one, whom the devils enticed [to wander] upon the earth confused, while his [faithful] companions call him to the straight path, saying, 'Come to us!'?

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ۙ

Say, "Certainly, Allah's guidance is the right guidance, and we have been commanded to submit to the Lord of all worlds."

وَ اَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اتَّقُوْهُ ؕ وَ هُوَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾

And also, establish the prayer and fear Allah. It is He to whom you will be gathered.

وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

And He is the One who created the heavens and the earth with purpose.

وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۬ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ

And on the Day [of Resurrection] He will say: "Be!"- and it shall become. His words are the truth.

وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ

And for Him shall be all the dominion on the day [of Judgment] when the Trumpet [of Resurrection] is blown.

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾

He[alone] knows all the [realms of the] Unseen and the Seen and He is All-Wise, All-Aware.